© rasailojaraid.com



# موت العالِم موت العالَم

(ماہنامہ شمع ہدایت)

گذشتہ دنوں قائد احرار مولانا سید ابوذر عطاء المنعم بخاری انتقال کر گئے۔ حضرت شاہ امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کی وفات کے بعد انہوں نے مجلس کے علم کو بلند رکھا اور احرار کا وجود ان کے دم خم سے قائم تھا۔ وہ حق گو نڈر اور بیباک شخصیات میں سے تھے، کلمۂ حق منہ پر کہہ دیتے تھے جس مضمون پر بولتے گھنٹوں روانی سے بولتے چلے جاتے۔ نوجوان نسل کی رہنمائی میں انہوں نے اہم کردار ادا کیا جماعت میر اصولوں کے خود بھی پابند تھے اور دوسروں سے بھی پابندی کراتے تھے، مہمان نوازی، انکساری میں اپنی مثال آپ تھے اور حق تو یہ ہے کہ اپنے والد ماجد کی صحیح تصویر اور نمونہ تھے۔ ان کے چلے جانے کے بعد علمی اور روحانی دنیا میں ایک ایسا خلاء پیدا ہو گیا ہے کہ اس کے پر کرنے میں زمانہ درکار ہے۔

(ماہنامہ شمع ہدایت، بہاولپور، دسمبر ۹۵ء ص ۳)


ماہنامہ نقیب ختم نبوت کا تاریخ ساز

**امیرِ شریعت نمبر** (حصہ دوم)

اردو زبان کے سب سے بڑے خطیب کے سوانح و افکار

ایک تاریخ ★ ایک دستاویز ★ ایک داستان ★ خاندانی حالات ★ سیرت کے مجلا اوراق ★ خطابتی معرکے ★ سیاسی تذکرے ★ بزم سے لیکر رزم اور منبر و محراب سے لے کر دار و رسن تک

نصف صدی کے ہنگاموں جہادی معرکوں، تہذیبی محاربوں، مذہبی سازشوں اور علمی محاذ آرائیوں کی فضا میں ایک آواز ہدایت، جو بصیرت حریت اور بغاوت کا سرچشمہ تھی۔

خوبصورت سہ رنگا سرورق 576 صفحات، قیمت 300 روپے

صرف 200 روپے پیشگی منی آرڈر بھیج کر نمبر حاصل کریں۔

ترسیل زر کے لئے: سید محمد کفیل بخاری

مدیر مسؤل ماہنامہ نقیب ختم نبوت دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان۔ فون ۵۱۱۹۶۱


© rasailojaraid.com